(Pages : 2)

Reg. No:.............................

Name: .............................

FAROOK COLLEGE (AUTONOMOUS), KOZHIKODE

Fourth Semester BA/B.Sc Degree Examination, April 2023

BUR4A10 – Urdu Poetry II

(2019 Admission onwards)

Time: 2 ½ hours

Max. Marks : 80

## SECTION A

(درجِ ذیل سوالوں کے جواب دو ایک جملوں میں لکھیے۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مقرر ہیں۔ اس حصہ کے لیے 25 مارکس مختص ہیں)

1۔ مرزا غالب کا اصل نام کیا ہے؟۔ ان کی پیدائش کہاں ہوئی؟

2۔ ادب کسے کہتے ہیں؟

3۔ ناصر کاظمی کی شاعری کے موضوعات کیا کیا ہیں؟

4۔ علامہ اقبال کو 'پیامی شاعر' کیوں کہا جاتا ہے؟

5۔ مرثیہ کسے کہتے ہیں؟

6۔ اردو کے کسی دو ممتاز رومانی شاعروں کے نام لکھیے۔

7۔ 'غزل اردو شاعری کی آبرو ہے'۔ یہ کس کا مشہور قول ہے؟۔

8۔ اردو کے کسی دو مشہور رباعی گو شعرا کے نام لکھیے۔

9۔ اردو میں موضوعاتی مشاعرے کی بنیاد کس انجمن کے ذریعے ہوئی؟

10۔ اردو کے کسی ایک گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ شاعر کا نام لکھیے۔

11۔ حمد اور نعت میں فرق واضح کیجیے۔

12۔ "ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں، وید مقدس اور دیوانِ غالب"۔ یہ کس کا قول ہے؟

13۔ داغ دہلوی کے کسی دو شاگردوں کے نام لکھیے۔

14۔ آپ کے پسندیدہ اقبال کی کسی چار نظموں کے نام لکھیے۔

15۔ اردو کی کسی دو مشہور مثنویوں کے نام لکھیے۔

## SECTION B

(درجِ ذیل سوالوں کے جواب مختصراً لکھیے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مقرر ہیں۔ اس حصہ کے لیے 35 مارکس مختص ہیں۔)

16- گل، تبسّم کہہ رہا تھا زندگانی کو مگر
شمع بولی، گریۂ غم کے سوا کچھ بھی نہیں!

شعر کی تشریح کیجیے۔

17- رباعی کا تعارف کراتے ہوئے اردو کے کسی چار اہم رباعی گو شعرا کے نام لکھیے۔

18- دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں

شعر کی تشریح کیجیے۔

19- پاتے جانا ہے اور نہ کھوتے جانا
ہنستے جانا ہے اور نہ روتے جانا
اول اور آخری پیامِ تہذیب
انسان کو انسان ہے ہوتے جانا

رباعی کی مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

20- اقبال کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔

21- کیا تم سے بتائیں عمرِ فانی کیا تھی
بچپن کیا چیز تھی جوانی کیا تھی
یہ گُل کی مہک تھی وہ ہوا کا جھونکا
ایک موجِ فنا تھی زندگانی کیا تھی

رباعی کی مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

22- نظم 'اے شریف انسانو!' کا پس منظر کیا ہے؟۔ ساحرؔ نے اس نظم کے ذریعہ کیا پیغام دینے کی کوشش کی؟

23- صنف مرثیہ کی تعریف کرتے ہوئے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

## SECTION C

کسی دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 2x10=20

24- ہندوستانی فلم اور اردو کے موضوع پر اپنے خیالات ظاہر کیجیے۔

25- صنف غزل کی تعریف کرتے ہوئے میرؔ کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔

26- احمد فراز کی شاعری کا جائزہ لیجیے۔

27- اردو کے مختلف اصنافِ سخن کا تعارف کیجیے۔